**04.04.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شگفتہ یاسمین

**Music**

---------------------------------

☆ کیرالم، تمل ناڈو، پدوچیری، آسام اور مغربی بنگال میں انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما، عوامی میٹنگیں اور ریلیاں کر رہے ہیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت کے خلیجی ممالک سے مضبوط تعلقات اِس مشکل وقت میں وہاں موجود بھارتیوں کی سلامتی میں مددگار ثابت ہوئے ہیں۔

☆ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پیٹرول اور ڈیزل کی افرا تفری میں خریداری اور LPG کی غیر ضروری بکنگ سے گریز کریں۔

☆ مغربی ایشیا میں ایک ساتھ کئی محاذوں پر حملوں سے جنگ میں تیزی آ گئی ہے۔

☆ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے وکست بھارت کیلئے تعلیم کی یکسر تبدیلی کی طاقت کو اجاگر کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں دلّی میں ڈیلی کیپٹلس نے ممبئی انڈینس کو 6وکٹ سے ہرا دیا۔ احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس اور راجستھان رائلس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**with Add PM Keralam Visit**

کیرالم، تمل ناڈو، پدوچیری، آسام اور مغربی بنگال میں میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما، اہم انتخابی حلقوں میں چناوی ریلیوں کی قیادت کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتیوں کی سلامتی، خاص طور پر مغربی ایشیا میں، جن کا تعلق کیرالم سے ہے، اُن کی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وہ آج Thiruvalla میں NDA کی انتخابی مہم کے تحت ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔

**S/B: PM on Middle East- Thiruvalla**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت کے خلیجی ممالک سے مضبوط تعلقات اِس مشکل وقت میں وہاں موجود بھارتیوں کی سلامتی میں مددگار ثابت ہوئے ہیں۔

وزیر اعظم مودی نے مزید کہا کہ کیرالم ایک تاریخی تبدیلی کیلئے تیار ہے اور ریاست بھر میں یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ یہاں کے باشندے NDA پر پورا بھروسہ کرتے ہیں۔ جناب مودی نے LDF اور UDF کو بھی یہ کہتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا کہ دونوں محاذوں نے طویل مدت تک ریاست کو نظر انداز کیا اور کہا کہ اُن کی حکومت کے تحت کیرالم کو پچھلی مدت کے مقابلے پانچ گنا فنڈز موصول ہوئے ہیں۔

وزیر اعظم نے یقین دہانی کرائی کہ اُن جنوبی ریاستوں میں لوک سبھا سیٹیں کم نہیں کی جائیں گی جنھوں نے مؤثر طور پر آبادی میں اضافے پر کنٹرول کیا ہے اور ملک بھر کی سبھی ریاستوں کے فائدے کیلئے مجموعی طور پر سیٹوں میں اضافہ کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے انتخابی مہم کے ایک حصے کے طور پر ترواننت پورم میں ایک روڈ شو بھی کیا۔x

## Rahul Gandhi Keralam Visit

کانگریس کے سینئر رہنما اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے آج Alappuzha میں کہا کہ UDF کیرالم میں اصل تبدیلی لانے کیلئے تیار ہے۔ انھوں نے LDF اور NDA دونوں پر نکتہ چینی کی اور کہا کہ حکمراں LDF اسمبلی انتخابات کے بعد اپنی معنویت کھو دے گی۔

**S/B Rahul Gandhi**

انھوں نے آج Idukki اور Irnakulam اضلاع میں UDF کی انتخابی میٹنگوں سے بھی خطاب کیا۔

CPIM کے جنرل سکریٹری M.A. Baby اور پولٹ بیورو کی ممبر Subhashini Ali نے مختلف حلقوں میں LDF کیلئے انتخابی مہم میں شرکت کی۔

مرکزی وزراء، وزرائے اعلیٰ اور دیگر سرکردہ سیاستداں سمیت سرکردہ رہنما ریاست بھر میں سرگرمی کے ساتھ انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں کیونکہ منگل کے روز کیرالم میں یہ اختتام پذیر ہوجائے گی۔x

## EC Candidates Information

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹر، ECINET پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے اپنے اسمبلی حلقوں کے امیدواروں کی تعلیمی اہلیت اور پچھلے فوجداری معاملات کے بارے میں تفصیلات تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ ووٹرس، امیدواروں کی جانب سے داخل کردہ پورے affidavit بھی ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ ECINET دنیا کا سب سے بڑا انتخابی خدمات سے متعلق پلیٹ فارم ہے جہاں انتخابی کمیشن کی 40سے زیادہ Apps اور پورٹلز کے ذریعے انتخابات سے متعلق سبھی خدمات ایک جگہ فراہم کی جاتی ہیں۔ x

## WB NIA Malda

قومی جانچ ایجنسی NIA کی ٹیم نے آج مغربی بنگال کے مالدہ میں Kaliachak-II BDO Office کا دورہ کیا اور عدلیہ کے 7اہلکاروں کو بچانے والے کار ڈرائیوروں کے ساتھ ساتھ واقعے کے دوران موجود اہلکاروں سے سوالات کیے۔ کئی مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔ ایجنسی بدھ کے روز مذکورہ دفتر کے باہر عدلیہ کے اہلکاروں

کے گھیراؤ اور تشدد کے معاملے میں تحقیقات کر رہی ہے۔انتخابی کمیشن نے یہ معاملہ NIA کے سپرد کردیا ہے۔ ایسا سپریم کورٹ کی اس ہدایت کے بعد کیا گیا جس میں اس معاملے کی تحقیقات CBI یا NIA سے کرانے کی ہدایت دی گئی تھی۔x

## Kolkata Officers Suspended

انتخابی کمیشن نے Bhabanipur میں BJP کے امیدوار سُووینِدھو ادھیکاری کے ایک روڈ شو اور پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کے دوران، سکیورٹی میں کوتاہی کے مبینہ الزامات کے پیش نظر کولکتہ میں چار پولیس افسران کو معطل کردیا ہے۔کمیشن نے فوری طور پر محکمہ جاتی تحقیقات کا حکم دیا ہے اور ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ خالی اسامیوں کو فوری طور پر پُر کرے۔ اِس سلسلے میں کل دن میں گیارہ بجے تک انتخابی کمیشن کو لازمی طور پر کارروائی سے متعلق ایک رپورٹ داخل کرنے کو بھی کہا گیا ہے۔x

## Govt Petroleum Products

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے آج کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں پیٹرول، ڈیزل اور LPG کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے ہرممکن کوشش کر رہی ہے۔ اس نے شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ گھبراہٹ کا شکار ہوکر پیٹرول اور ڈیزل کی خریداری نہ کریں اور غیر ضروری LPG کی بکنگ نہ کرائیں۔

وزارت نے کہا کہ اس نے پیٹرولیم مصنوعات اور LPG کی بلارکاوٹ دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے فعال اقدامات کیے ہیں۔ نزدیکی LPG ڈسٹری بیوٹرس کی دکانوں سے کوئی بھی قانونی شناختی کارڈ دکھا کر 5 کلو گرام کے سلنڈر خریدے جا سکتے ہیں۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت بلارکاوٹ سمندری تجارت کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ بحری جہازوں کی نقل وحرکت، بندرگاہوں پر ہونے والی سرگرمیوں اور سمندری جہازوں کی سلامتی پر مسلسل نظر رکھ رہی ہے۔x

## Jan Vishwas Bill

اِس مہینے کی 9 تاریخ کو منظور کیے گئے جَن وشواس دفعات ترمیمی بل 2026 کا مقصد 21 وزارتوں کے زیرانتظام 79 مرکزی قوانین میں ترمیم کرنا ہے، جن میں مختلف شعبوں کی 784 شقوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس بل کے تحت معمولی طریقۂ کار کی غلطیوں پر فوجداری سزائیں ختم کردی گئی ہیں اور اُن کی جگہ سول جرمانے یا انتظامی طریقۂ کار نافذ کیے گئے ہیں۔ اِن ترامیم کا مقصد کاروبار کو آسان بنانا اور MSMEs پر بوجھ کو کم کرنا ہے۔ اس کیلئے مرحلہ وار طریقے سے عمل درآمد جیسے کہ پہلے ایڈوائزری نوٹسز جاری کرنا اور وارننگ دینا شامل ہے۔

آکاشوانی نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے فیڈریشن آف انڈین مائیکرو، اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کے سکریٹری جنرل انل بھاردواج نے کہا کہ یہ بل کاروباری ماحول کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرے گا۔

S/B Anil Bhardwaj

**Vaishnaw Railways**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ریلوے کا محکمہ پورے سال ہر دن تقریباً 25ہزار ٹرینیں چلا کر ملک بھر میں رابطے کو بہتر بنانے کیلئے تیزی سے کام کر رہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ویشنو نے پچھلے مالی برس کے دوران بھارتی ریلویز کی یکسر تبدیلی لانے والی ترقی کو اجاگر کیا۔ انھوں نے مال گاڑیوں اور مسافر گاڑیوں کی ریکارڈ تعداد، وندے بھارت خدمات میں توسیع، حفاظتی اقدامات میں بہتری، اسٹیشنوں اور ٹرمنلز کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کو اجاگر کیا، جن کا مقصد مسافروں کو خوشگوار تجربہ فراہم کرنا ہے۔x

**Duty Exemption**

طبی آلات کی برآمدات کو فروغ دینے کے کونسل کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پروین مِتّل نے حکومت کے اُس فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے جس کے تحت پیٹروکیمکل مصنوعات کی بہت سی اقسام پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کردی گئی ہے۔ انھوں نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اِس فیصلے سے حفظانِ صحت سے متعلق آلات اور میڈ ٹیک شعبے میں لاگت کم ہوگی، جس سے اشیاء سستی ہوں گی اور صنعت کو فروغ حاصل ہوگا۔

**S/B Praveen Kumar Mittal**

**West Asia Update**

مغربی ایشیا میں جاری تنازع مزید سخت مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، جہاں مختلف محاذوں پر بیک وقت حملوں کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔ ایک انتہائی تشویشناک واقعے میں، آج ایک میزائل ایران کے بوشہر نیوکلیئر پاور پلانٹ کے احاطے کے قریب آ کر گرا، جس کے نتیجے میں سیکیورٹی یونٹ کا ایک اہلکار ہلاک ہو گیا اور ایک ذیلی عمارت کو نقصان پہنچا۔ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی IAEA نے ایرانی حکام کے حوالے سے اس واقعے کی تصدیق کی اور کہا کہ حملے کے بعد تابکاری کی سطح میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

آج ہی ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب نے اعلان کیا کہ انہوں نے آبنائے ہرمز میں اسرائیل سے وابستہ ایک جہاز کو نشانہ بنایا، جس میں آگ لگ گئی۔

ایران نے یہ بھی کہا کہ ضروری سامان لے جانے والے جہازوں کو ایرانی بندرگاہوں تک پہنچنے کے لیے آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دی جائے گی، اگرچہ اس آبی گزرگاہ میں فوجی سرگرمیاں جاری رہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ..........

**VC Vinod Kumar**

بوشہر پر یہ حملہ 28فروری کو جنگ شروع ہونے کے بعد چوتھی بار ہوا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عالمی سطح پر نیوکلیائی بجلی گھر کی حفاظت کے سلسلے میں کم توجہ دیئے جانے پر تنقید کی۔ اِس واقعے کے بعد روس کی سرکاری نیوکلیئر کارپوریشن Rosatom نے اب اپنے عملے کے افراد کے حتمی انخلا کا آغاز کر دیا ہے۔ Rosatom نے اس پلانٹ کی تعمیر کی تھی اور دو مزید یونٹس کی تعمیر کی نگرانی کر رہی ہے۔

بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی، IAEA نے خبردار کیا ہے کہ جوہری تنصیبات پر کبھی حملہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ ذیلی عمارتوں میں اہم حفاظتی آلات موجود ہو سکتے ہیں۔ حکام نے تصدیق کی ہے کہ پلانٹ کا مرکزی ڈھانچہ محفوظ ہے اور بجلی کی پیداوار متاثر نہیں ہوئی ہے۔ اس یقین دہانی کے باوجود، بار بار اس مقام کو نشانہ بنائے جانے سے جوہری سلامتی کے ماہرین اور دنیا بھر کی حکومتوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں مہتاب عالم

## Vice President Bihar

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے وکست بھارت کیلئے تعلیم کی یکسر تبدیلی کی طاقت اور اُس کے اہم رول کو اجاگر کیا ہے۔ موتیہاری میں مہاتما گاندھی سینٹرل یونیورسٹی میں تیسرے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے طلباء پرزور دیا کہ وہ اپنے علم کو ملک کو درپیش چیلنجوں کا ازالہ کرنے کیلئے استعمال کریں۔

نائب صدر جمہوریہ نے یہ کہتے ہوئے موجودہ دور کو امرت کال قرار دیا کہ نوجوان، بھارت کے مستقبل کے اصل معمار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، نوجوانوں کی اپنی قوت کے ذریعے 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے اپنے ہدف کو حاصل کرنے کی جانب گامزن ہیں۔

S/B: C.P. Radhakrishnan

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے دو روز کے دوران جھارکھنڈ کے علاقوں میں ژالہ باری اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کیلئے Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں کل کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اتراکھنڈ، بہار، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، وِدربھ، مغربی بنگال، کیرالم اور ماہے میں اگلے دو روز کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اس دوران مہاراشٹر کے کئی ضلعوں میں بے موسم بارش، ژالہ باری اور تیز ہواؤں سے بڑے پیمانے پر فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، جس سے کسانوں کو کافی نقصان ہوا ہے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلس نے ممبئی انڈینس کو 6وکٹ سے ہرا دیا۔ سمیر رضوی کے شاندار 90رنوں کی بدولت ڈیلی کیپٹلس نے 18اوور اور ایک گیند میں چار وکٹ کھو کر 163رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرلیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20اوورس میں 6وکٹ کے نقصان پر 162رن بنائے تھے۔ احمد آباد میں راجستھان رائلس نے گجرات جائنٹس کے سامنے جیت کیلئے 211رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے پہلے راجستھان رائلس نے مقررہ 20اوورس میں 6وکٹ پر 210رن بنائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆